نقد و نظر

اسلامی فکر و ثقافت

مصنف : عطش درانی

ناشر : مکتبہ عالیہ - ایبک روڈ، انارکلی - لاہور

صفحات ۱۹۷ - کاغذ، کتابت، طباعت، جلد، سرورق بہتر۔ قیمت پندرہ روپے

عطش درانی ہمارے ملک کے نوجوان اہلِ قلم میں سے ہیں۔ اسلامی فکر و فلسفہ اور اسلامی تہذیب و ثقافت ان کا خاص موضوع ہے اور اس موضوع سے متعلق ان کے متعدد مقالات و مضامین مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہو چکے ہیں۔ اہلِ علم نے ان مقالات کو پسند کیا اور دلچسپی سے ان کا مطالعہ کیا، اس لیے کہ عطش درانی صاحب نے تحقیق اور محنت سے یہ مقالے سپردِ قلم کیے تھے اور ہر بات مستند حوالوں سے بیان کی تھی۔ نیز اچھے اور صاف ستھرے اسلوب میں اپنے افکار کا اظہار کیا تھا۔

اب وہ تمام مقالے بہتر ترتیب اور ضروری حک و اضافے کے ساتھ مکتبہ عالیہ (لاہور) نے کتابی صورت میں شائع کر دیے ہیں۔ یہ چودہ مقالے ہیں اور ان میں سے بعض کے عنوان یہ ہیں: اسلام اور ایمان۔ توحید کے علمی و عملی پہلو۔ تخلیق و ہبوطِ آدم۔ آفرینشِ مخلوق اور نظریۂ ارتقا۔ اسلامی ثقافت، تہذیب اور تمدن۔ تعلیم اور اسلامی درس گاہیں۔ قدیم علوم اور عرب مترجمین۔ اسلامی فکر اور عقلیت پسندی۔ اسلامی عہد کے سائنس دان۔ سائنس کی ترقی میں مسلمانوں کا حصہ۔ ریاضی کی سائنسی تدوین اور مسلمان۔

اسلامی فکر اور تہذیب و ثقافت کو سمجھنے اور اس کی نشر و ارتقا کے مختلف پہلوؤں سے آگاہی حاصل کرنے کے لیے یہ کتاب مفید ثابت ہوگی۔ ہمارے قارئین کو اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔ اس قسم کی کتابوں کا مطالعہ ذہن کو جلا بخشتا اور فکر کو تازگی عطا کرتا ہے۔ اس سے نظر میں وسعت پیدا ہوتی ہے اور سمجھ سوچ کی راہیں کھلتی ہیں۔